سنن دارمی شریف

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بهرام الدارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ

حامل الرایة فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلا محمد محی الدین جہانگیر

وفقه الله تعالى خير التوفيق

هو نعم المولى ونعم الرفيق

شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

سنن دارمی شریف

جلد اوّل

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بہرام الدارمی

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ:

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ خیر التوفیق

ھو نعم المولی ونعم الرفیق

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

هو القادر

نام کتاب ــــــــــ سنن دارمی شریف جلد اوّل

تصنیف ــــــــــ الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن

مترجم ــــــــــ ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ــــــــــ ورڈز میکر

باہتمام ــــــــــ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ــــــــــ مارچ 2008ء

پروف ریڈنگ ــــــــــ غلام علی اعوان (ایم فل، فاضل درس نظامی)

سرورق ــــــــــ باھُو گرافکس لاہور

طباعت ــــــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ (مکمل سیٹ دو جلدیں) [redacted] روپے

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی اس
میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَصَامَ وَصَامَ النَّاسُ حَتّٰى بَلَغَ الْكَدِيْدَ ثُمَّ اَفْطَرَ فَاَفْطَرَ النَّاسُ فَكَانُوْا يَاْخُذُوْنَ بِالْاَحْدَثِ فَالْاَحْدَثِ مِنْ فِعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

٭٭ حضرت ابن عباس ﷟ بیان کرتے ہیں فتح مکہ کے سال نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے تو آپ نے روزہ رکھ لیا لوگوں نے بھی روزہ رکھ لیا جب آپ ''کدید'' پہنچے تو آپ نے روزہ توڑ دیا لوگوں نے بھی روزہ توڑ دیا' اس کی وجہ یہ تھی کہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے اس طرز عمل کو اختیار کرتے تھے جو آپ نے سب سے بعد میں کیا ہو۔

1745- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ وَاَبُو الْوَلِيْدِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ

2706 بقیہ حدیث **1744**: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء

2035 ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء

2571 ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء

7930 ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء

1880 ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ- 1984ء

10945 ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء

514 ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی)

4473 ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ

1844 حدیث **1745**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء

1115 ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان

2407 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان

2255 ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء

1664 ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان

14231 ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ قرطبہ' قاہرہ' مصر

355 ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء

2017 ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء

1580 ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء

2564 ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء

7940 ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء

1883 ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ- 1984ء

11447 ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء

1721 ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان

364 ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی)

399 ''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ/ 1988ء

سَمِعْتُ مُحَمَّدَ ابْنَ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ ذَكَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَرَاَى زِحَامًا وَّرَجُلٌ قَدْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالُوْا هٰذَا صَائِمٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر پر جا رہے تھے کہ آپ نے کچھ لوگوں کا ہجوم دیکھا اور ایک شخص کو دیکھا جس پر سایہ کیا گیا تھا' آپ نے دریافت کیا' کیا مسئلہ ہے؟ لوگوں نے عرض کی یہ شخص روزہ دار ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر کے دوران روزہ رکھنا کوئی نیکی کا کام نہیں ہے۔

1746- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

☆☆ حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سفر کے دوران روزہ رکھنا کوئی نیکی کا کام نہیں ہے۔

1747- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

☆☆ حضرت کعب بن عاصم رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں سفر کے دوران روزہ رکھنا نیکی کا کام نہیں ہے۔

بَابُ الرُّخْصَةِ لِلْمُسَافِرِ فِي الْاِفْطَارِ

باب 16: مسافر شخص کے لئے روزہ نہ رکھنے کی رخصت

1748- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَاجِرِ عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمَّا ذَهَبْتُ لِاَخْرُجَ قَالَ انْتَظِرِ الْغَدَاءَ يَا اَبَا اُمَيَّةَ قَالَ فَقُلْتُ اِنِّي صَائِمٌ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَقَالَ تَعَالَ اُخْبِرْكَ عَنِ الْمُسَافِرِ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنْهُ الصِّيَامَ وَنِصْفَ الصَّلٰوةِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِنْ شَآءَ صَامَ وَاِنْ شَآءَ اَفْطَرَ

حدیث **1748**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام' **1406**ھ **1986**ء **2267**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت لبنان' **1390**ھ **1970**ء **2043**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان' **1411**ھ **1991**ء **2576**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **5273**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم موصل' **1404**ھ **1983**ء **762**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض سعودی عرب' **1411**ھ **1991**ء **1488**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **4478**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت لبنان' **1410**ھ **1990**ء **1205**

☆☆ حضرت ابوامیہ ضمری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں ایک سفر سے واپسی پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کو سلام کیا جب میں اُٹھ کر جانے لگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابوامیہ! کھانے کا انتظار کرو۔ (وہ آ جائے تو کھا کر جانا)

ابوامیہ کہتے ہیں میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی! میں روزہ دار ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں مسافر کے بارے میں بتاتا ہوں اللہ تعالیٰ نے اسے روزہ رکھنا معاف کیا ہے اور نصف نماز معاف کی ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مسافر اگر چاہے تو روزہ رکھ لے اور اگر چاہے تو نہ رکھے۔

بَابُ مَتٰى يُفْطِرُ الرَّجُلُ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ يُرِيْدُ سَفَرًا

باب 17: جب کوئی شخص سفر کے ارادے سے اپنے گھر سے نکلے تو کس وقت روزہ رکھنا ختم کرے

1749- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ اَنَّ كُلَيْبَ بْنَ ذُهْلٍ الْحَضْرَمِيَّ اَخْبَرَهُ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ رَكِبْتُ مَعَ اَبِيْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ سَفِيْنَةً مِّنَ الْفُسْطَاطِ فِيْ رَمَضَانَ فَدَفَعَ فَقَرَّبَ غَدَائَهُ ثُمَّ قَالَ اقْتَرِبْ فَقُلْتُ اَلَسْتَ تَرَى الْبُيُوْتَ فَقَالَ اَبُوْ بَصْرَةَ اَرَغِبْتَ عَنْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ عبید بن جبیر بیان کرتے ہیں' میں رمضان کے مہینے میں'' فسطاط'' کے مقام سے' ایک کشتی میں' حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ کے ہمراہ سوار ہوا انہوں نے کھانا آگے رکھا اور بولے آگے آ جاؤ میں نے کہا ابھی تو آپ کو اپنے گھر نظر آ رہے ہیں تو حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے روگردانی کرنا چاہتے ہو۔

بَابُ مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ رَّمَضَانَ مُتَعَمِّدًا

باب 18: جو شخص رمضان کے مہینے میں جان بوجھ کر روزہ نہ رکھے

1750- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ عُمَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ الْمُطَوِّسِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَّلَا مَرَضٍ فَلَنْ يَقْضِيَهُ صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ وَلَوْ صَامَ الدَّهْرَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص رمضان کے مہینے میں کسی دن' کسی

حدیث **1749** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2412
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 27275
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء — 2040
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7967
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 2169